سوال

(134) دمہ کے مریض کا روزہ نہ رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تنفس (دمہ) وغیرہ کے مریض کے لیے روزہ کی حالت میں منہ میں بخاخ (اسپرے) استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مریض اگر بخاخ (اسپرے) استعمال کرنے کے لیے مجبور ہو تو جائز ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَقَد فَصَّلَ لَكُم ما حَرَّمَ عَلَيكُم إِلّا مَا اضطُرِرتُم إِلَيهِ ... سورة الانعام ١١٩

''اور اللہ نے تمہارے لیے بیان کر دیا ہے جو اس نے تم پر حرام کیا ہے، ہاں مکروہ چیزیں جن کے لیے تم مجبور ہو جاؤ۔''

اور اس لیے بھی بخاخ (اسپرے) کا استعمال جائز ہے کہ یہ کھانے پینے کے قبیل سے نہیں، بلکہ چیک اپ کے لیے خون نکلوانے اور غیر متعدی انجکشن لگوانے کے زیادہ مشابہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 215

محدث فتویٰ